روزنامہ
ٹیلی فون نمبر:213029
C.P.L 29
الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
Web:http://www.alfazal.com
Email:editor@alfazal.com

پیر 21 مارچ 2005ء 10 صفر 1426 ہجری 21 امان 1384 ہش جلد 55-90 نمبر 63

جو کسی کی تکلیف دور کرتا ہے

حضرت ابن عمرؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:

جو شخص اپنے بھائی کی ضرورت کا خیال رکھتا ہے اللہ اس کی ضرورت کا خیال رکھتا ہے۔ اور جو شخص کسی کی تکلیف اور بے چینی اس دنیا میں دور کرتا ہے اللہ تعالیٰ قیامت کی تکلیف اور بے چینی اس سے دور کردے گا۔

(بخاری کتاب المظالم باب لایظلم المسلم المسلم حدیث نمبر:2262)

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

حضرت شیخ یعقوب علی عرفانی صاحب تحریر کرتے ہیں۔

منشی غلام محمد امرتسری ایک اچھے کاتب تھے۔ حضرت مسیح موعود ابتداء میں منشی امام الدین صاحب امرتسری سے کام لیا کرتے تھے۔ چنانچہ براہین احمدیہ کی پہلی تین جلدیں شحنۂ حق، سرمہ چشم آریہ وغیرہ اسی کی لکھی ہوئی ہیں۔ آئینہ کمالات اسلام کا ایک بڑا حصہ بھی اسی نے لکھا تھا۔ مگر پھر آپ منشی غلام محمد صاحب سے کام لینے لگے۔ منشی غلام محمد صاحب عجیب قسم کے نخرے کیا کرتے تھے۔ اور مختلف طریقوں سے اپنی مقررہ تنخواہ سے زیادہ وصول کیا کرتے۔ حضرت مسیح موعود ان باتوں کو سمجھتے تھے۔ مگر ہنس کر خاموش ہو رہتے۔ ایک روز آپ بیت الذکر میں ظہر کی نماز کے لئے تشریف لائے۔ اور نماز کے بعد بیٹھ گئے۔ آپ کا معمول عام طور پر یہی تھا۔ کہ فرض پڑھ کر تشریف لے جاتے تھے۔ مگر کبھی کبھی بیٹھ بھی جاتے۔ آپ نے ہنس کر اور خوب ہنس کر فرمایا۔ کہ آج عجیب واقعہ ہوا۔ میں اندر لکھ رہا تھا۔ کہ منشی غلام محمد صاحب کا بیٹا روتا اور چلاتا ہوا بھاگتا آیا۔ اور اس کے پیچھے منشی غلام محمد صاحب جوتا ہاتھ میں لئے ہوئے شور مچاتے آئے کہ باہر نکل میں تم کو مار ہی ڈالوں گا۔ حضرت اقدس یہ شور سن کر باہر نکلے اور منشی صاحب سے پوچھا کہ کیا ہوا۔ وہ یہی کہتے جاتے تھے۔ کہ میں نے اس کو مار ہی دینا ہے۔ آخر حضرت کے اصرار پر بتایا۔ کہ حضور میں نے اس کو نیا جوتا لے کر دیا تھا۔ اس نے گم کر دیا ہے۔ اب میں اس کو مار ہی دوں گا حضرت اس کو سن کر ہنس پڑے۔ اور منشی صاحب کو کہا۔ کہ اس پر اتنا شور مچانے کی کیا ضرورت ہے۔ اور مارتے کیوں ہو۔ بات تو صرف جوتے کی ہے۔ میں ہی نیا جوتا خرید کر دوں گا۔ اس پر منشی غلام محمد صاحب خوش ہو کر چلے گئے۔ اور بیٹے کو کہا۔ اچھا اب آ جا حضرت صاحب جوتا خرید کر دیں گے۔ حضرت صاحب اس واقعہ کو بیان کرتے تھے اور ہنستے تھے۔ کہ دیکھو یہ اس نے کیا کیا۔ تنخواہ کے علاوہ اس کی خوراک وغیرہ کا خرچ بھی آپ دیتے۔ اور اس پر کھانا بھی وہ حضرت ہی کے ہاں سے لے لیتا۔ اور بعض ضروری پارچات بستر وغیرہ یا سردی کا موسم ہو تو رضائی اور گرم کوٹ بھی لے لیتا۔ حضرت مسیح موعود اس کی ان تمام باتوں کو سمجھتے۔ مگر کبھی نہ تو ناراض ہوتے۔ اور نہ اس کو الگ کرتے۔ اس کی ناز برداریاں کرتے ہوئے اسے کام دیتے رہتے۔ اس کی یہ وجہ نہ تھی۔ کہ اور کاتب نہ ملتے تھے۔ مگر آپ عہد وفا کو قائم رکھتے۔ اور خادموں سے حسن سلوک کے عملی نمونہ سے جماعت کی تربیت فرما رہے تھے۔ یہ حسن سلوک کسی ایک خادم کے ساتھ مخصوص نہ تھا۔ بلکہ سب کے ساتھ آپ کے برتاؤ یکساں تھے۔ (سیرۃ مسیح موعود از حضرت یعقوب علی عرفانی صاحب ص 354)

ضرورت محرر/انسپکٹران وقف جدید

وقف جدید انجمن احمدیہ میں محرر و انسپکٹران کی ضرورت ہے۔ خدمت دین کا جذبہ اور شوق رکھنے والے محنتی نوجوانوں سے درخواستیں مطلوب ہیں۔

(1) تعلیم کم از کم F.A/F.Sc 45 فی صد نمبروں کے ساتھ پاس کیا ہو۔

(2) محرر کیلئے خوشخطی کے حامل امیدوار کو ترجیح دی جائے گی۔

(3) اپنی درخواستیں صدر صاحب/امیر صاحب جماعت کی تصدیق اور تعلیمی اسناد کی نقول کے ہمراہ مورخہ 14۔اپریل 2005ء تک ناظم دیوان وقف جدید کے نام ارسال کریں۔

(ناظم دیوان وقف جدید ربوہ)

انگلینڈ سے ماہر ڈاکٹر کی آمد

مکرم ڈاکٹر سید مظفر احمد صاحب لیپر وسکوپک سرجن (Laproscopic Surgeon) مورخہ 27-28 مارچ 2005ء کو فضل عمر ہسپتال میں مریضوں کے معائنہ اور علاج کیلئے تشریف لائیں گے۔ ضرورت منداحباب سرجیکل آؤٹ ڈور سے ریفر کروا کر پرچی روم سے اپنی پرچی بنوالیں۔ بغیر ریفر کروائے مکرم ڈاکٹر صاحب کو دکھانا ممکن نہ ہوگا۔ مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رابطہ فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

نیلامی سامان

دفتر نظامت جائیداد کے سٹور میں مندرجہ ذیل سامان جیسے ہے کی بنیاد پر بذریعہ نیلامی مورخہ 21 مارچ 2005ء کو صبح 8:30 بجے فروخت کیا جائے گا۔ دلچسپی رکھنے والے دوست استفادہ فرمائیں۔

سامان کمپیوٹر، روم کولر، اے سی، سیلنگ فین، پڈسٹل فین، میز کرسیاں، الماریاں لوہا الماریاں چوبی، ٹیلی فون سیٹ دیگر لکڑی اور لوہے کا سامان وسکریپ

(ناظم جائیداد صدر انجمن احمدیہ)

طاہر کلینک بند رہے گا

طاہر ہومیو پیتھک ریسرچ انسٹیٹیوٹ ربوہ (بیت صادق) مورخہ 23 تا 28 مارچ 2005ء بند رہے گا۔

(معتمد مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

دعوت الی اللہ کے سنہری گر

160

پر حکمت نصائح ایمان افروز واقعات

مرتبہ: عبدالستار خان صاحب

حکمت و موعظہ سے مرصّع

دعوت الی اللہ کا عارفانہ نمونہ

یکم اکتوبر 1898ء کو حضرت مولانا عبدالکریم سیالکوٹی نے حضرت چوہدری نصراللہ خان صاحب پلیڈر (والد معظم حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خان صاحب) کے نام ایک عارفانہ مراسلہ لکھا، جسے حضرت مسیح موعود نے اپنے رسالہ ''ضرورۃ الامام میں جلی عنوان کے ساتھ شامل فرمایا۔

حضرت مولانا عبدالکریم صاحب کا پر معرفت، پراثر اور انقلاب آفریں مکتوب درج ذیل ہے۔

''آج میرے دل میں پھر تحریک ہوئی ہے کہ کچھ درددل کی کہانی آپ کو سناؤں۔ ممکن ہے کہ آپ بھی میرے ہمدرد بن جائیں۔ اتنی مدت کے بعد یہ تحریک خالی از مصالح نہ ہوگی۔ محرک قلوب اپنے بندوں کو عبث کام کی ترغیب نہیں دیا کرتا۔

چوہدری صاحب! میں بھی ابن آدم ہوں۔ ضعیف عورت کے پیٹ سے نکلا ہوں۔ ضرور ہے انسانی کمزوری، تعلقات کی کششیں اور دقت مجھ میں بھی ہو۔ بطن عورت سے نکلا ہوا اگر اور عوارض اسے چمٹ نہ جائیں تو سنگدل نہیں ہوسکتا ہے۔ میری ماں بڑی رقیق قلب والی بڑھیا دائم المرض موجود ہے۔ میرا باپ بھی ہے۔ (۔) میرے عزیز اور نہایت ہی عزیز بھائی بھی ہیں اور تعلقات بھی ہیں تو پھر کیا میں پتھر کا کلیجہ رکھتا ہوں جو مہینوں گزر گئے یہاں دھونی رمائے بیٹھا ہوں۔ یا کیا میں سودائی ہوں اور میرے حواس میں خلل ہے۔ یا کیا میں مقلد کور باطن اور علوم حقہ سے نابلد محض ہوں یا کیا میں فاسقانہ زندگی بسر کرنے میں اپنے کنبہ اور محلّہ اور اپنے شہر میں مشہور ہوں۔ یا کیا میں مفلس نادار پیٹ کی غرض سے نت نئے بہروپ بدلنے والا اقلاش ہوں۔ یعلم اللّٰہ والملائکۃ یشہدون۔ کہ میں بحمد اللہ ان سب معائب سے بری ہوں۔ ولا ازکی نفسی ولکن اللّٰہ یزکی من یشاء۔

تو پھر کس بات نے مجھ میں ایسی استقامت پیدا کررکھی ہے جو ان سب تعلقات پر غالب آگئی ہے۔ بہت صاف بات اور ایک ہی لفظ میں ختم ہو جاتی ہے اور وہ یہ ہے **امام زمان کی شناخت**۔ اللہ اللہ یہ کیا بات ہے جس میں ایسی زبردست قدرت ہے جو سارے ہی سلسلوں کو توڑ تاڑ دیتی ہے۔ آپ خوب جانتے ہیں میں بقدر استطاعت کے کتاب اللہ کے معارف و اسرار سے بہرہ مند ہوں اور اپنے گھر میں کتاب اللہ کے پڑھنے اور پڑھانے کے سوا مجھے اور کوئی شغل نہیں ہوتا۔ پھر میں یہاں کیا سیکھتا ہوں۔ کیا وہ گھر میں پڑھنا اور ایک معتدبہ جماعت میں مشار الیہ اور مطمح انظار بننا میری روح یا میرے نفس کے بہلانے کو کافی نہیں۔ ہرگز نہیں۔ واللہ ثم تاللہ ہرگز نہیں۔ میں قرآن کریم پڑھتا لوگوں کو سناتا۔ جمعہ میں ممبر پر کھڑا ہو کر بڑے پراثر اخلاقی وعظیں کرتا اور لوگوں کو عذاب الٰہی سے ڈراتا اور نواہی سے بچنے کی تاکیدیں کرتا مگر میرا نفس ہمیشہ مجھے اندر اندر ملامتیں کرتا کہ...... میں دوسروں کو رولاتا پر خود نہ روتا اوروں کو ناکردنی اور ناگفتنی امور سے ہٹاتا پر خود نہ ہٹتا۔ چونکہ معتمد ریاکار اور خودغرض مکار نہ تھا۔ اور حقیقۃً حصول جاہ و دنیا میرا قبلہ ہمت نہ تھا۔ میرے دل میں جب ذرا تنہا ہوتا ہجوم کر کے یہ خیالات آتے مگر چونکہ اپنی اصلاح کے لئے کوئی راہ وروئے نظر نہ آتا اور ایمان ایسے جھوٹے خشک عملوں پر قانع ہونے کی اجازت بھی نہ دیتا۔ آخر ان کشاکشوں سے ضعف دل کے سخت مرض میں گرفتار ہو گیا۔ بارہا مصمم ارادہ کیا کہ پڑھنا پڑھانا اور وعظ کرنا قطعاً چھوڑ دوں۔ پھر لپک لپک کر اخلاق کی کتابوں، تصوف کی کتابوں اور تفاسیر کو پڑھتا۔ احیاء العلوم اور عوارف المعارف اور فتوحات مکیہ ہر چہار جلد اور اور کثیر کتابیں اسی غرض سے پڑھیں اور بتوجہ پڑھیں اور قرآن کریم تو میری روح کی غذا تھی اور بحمد اللہ ہے۔ بچپن سے اور بالکل بے شعوری کے سن سے اس پاک بزرگ کتاب سے مجھے اس قدر انس ہے کہ میں اس کا کم وکیف بیان نہیں کرسکتا۔ غرض علم تو بڑھ گیا اور مجلس کے خوش کرنے اور وعظ کو سجانے کے لئے لطائف و ظرائف بھی بہت حاصل ہو گئے۔ اور میں نے دیکھا کہ بہت سے بیمار میرے ہاتھوں سے چنگے بھی ہو گئے۔ مگر مجھ میں کوئی تبدیلی پیدا نہ ہوتی تھی۔ آخر بڑے حیص بیص کے بعد مجھ پر کھولا گیا کہ زندہ نمونہ یا اس زندگی کے چشمہ پر پہنچنے کے سوا جو اندرونی آلائشوں کو دھوسکتا ہو یہ میل اترنے والی نہیں۔ ہادیٔ کامل خاتم الانبیاء صلوات اللہ علیہ وسلامہ نے کس طرح صحابہ کو منازل سلوک 23 برس میں طے کرائیں۔ قرآن علم تھا اور آپ اس کا سچا عملی نمونہ تھے۔ قرآن کے احکام کی عظمت و جبروت کو مجرد الفاظ اور علمی رنگ نے فوق العادہ رنگ میں قلوب پر نہیں بٹھایا۔ بلکہ حضور پاک کے عملی نمونوں اور بے نظیر اخلاق اور دیگر تائیدات سماویہ کی رفاقت اور پیاپے ظہور نے ایسا لازوال سکہ آپ کے خدام کے دلوں پر جمایا۔ خدا تعالیٰ کو چونکہ (دین) بہت پیارا ہے اور اس کا ابدالدھر تک قائم رکھنا منظور ہے۔ اس لئے اس نے پسند نہیں کیا۔ کہ یہ مذہب بھی دیگر مذاہب عالم کی طرح قصوں اور فسانوں کے رنگ میں ہو کر تقویم پارینہ ہو جائے۔ اس پاک مذہب میں ہر زمانہ میں زندہ نمونے موجود رہے ہیں۔ جنہوں نے علمی اور عملی طور پر حامل قرآن علیہ صلوات الرحمٰن کا زمانہ لوگوں کو یاد دلایا۔

......

بالآخر میں اپنی نیکی سے بھری ہوئی صحبتوں کو آپ کے باقاعدہ حسن ارادت کے ساتھ درس کتاب اللہ میں حاضر ہونے کو آپ کے اپنی نسبت کمال حسن ظن کو اور ان سب پر آپ کی نیک دل اور پاک تیاری کو آپ کو یاد دلاتا اور آپ کی ضمیر روشن اور فطرت مستقیمہ کی خدمت میں اپیل کرتا ہوں کہ آپ سوچیں۔ وقت بہت نازک ہے۔ جس زندہ ایمان کو قرآن چاہتا ہے اور جیسی گناہ سوز آگ قرآن سینوں میں پیدا کرنی چاہتا ہے وہ کہاں ہے۔ میں خدائے رب عرش عظیم کی قسم کھا کر آپ کو یقین دلاتا ہوں۔ وہی ایمان حضرت مسیح موعود کے ہاتھ میں ہاتھ دینے اور اس کی پاک صحبت میں بیٹھنے سے حاصل ہوتا ہے۔ اب اس کار خیر میں توقف کرنے سے مجھے خوف ہے کہ دل میں کوئی خوفناک تبدیلی پیدا نہ ہو جائے۔ دنیا کا خوف چھوڑ دو اور خدا کے لئے سب کچھ کھو دو کہ یقیناً سب کچھ مل جائے گا۔ والسلام۔ 1/ اکتوبر 1898ء عاجز

عبدالکریم از قادیان یکم اکتوبر 1898ء

(ضرورۃ الامام۔ روحانی خزائن جلد 13، ص 503)

اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

داخلہ عائشہ دینیات اکیڈمی ربوہ

دینیات کلاس میں داخلہ یکم اپریل 2005ء سے شروع ہوگا اور دس روز تک جاری رہے گا۔ درخواستیں سادہ کاغذ پر بنام پرنسپل بھجوائیں۔ امیدوار کا کم از کم میٹرک پاس ہونا ضروری ہے، ایف اے اور بی اے پاس خواتین اور بچیاں بھی دینی و علمی ترقی کیلئے داخل ہو کر استفادہ کریں۔ سال میں چار سمیسٹرز کے دوران مختصر اور اہم نصاب پڑھایا جاتا ہے۔ فیس داخلہ -/20 روپے اور ماہانہ فیس -/10 روپے ہے۔ کورس کی کتابیں طالبات کو ادارہ کی لائبریری سے مہیا کی جاتی ہے۔ عمر کی کوئی حد مقرر نہیں۔ زیادہ سے زیادہ خواتین اور بچیاں داخل ہو کر مستفید ہوں۔

(پرنسپل عائشہ اکیڈمی ربوہ)

درخواست دعا

محترم سمیع اللہ سیال صاحب وکیل الزراعت تحریک جدید کے گھٹنے کا آپریشن الشفاء ہسپتال اسلام آباد میں ہوا ہے۔۔ موصوف ابھی ہسپتال ہی میں زیر علاج ہیں۔ احباب جماعت سے درخواست دعا ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو صحت کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے اور آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے۔

محترمہ جمیلہ بیگم رانا صاحبہ صدر لجنہ حلقہ نمبر 4 علامہ اقبال ٹاؤن لاہور تحریر کرتی ہیں۔ عدیل احمد ابن مکرم ڈاکٹر سہیل مختار صاحب سمن آباد لاہور ہسپتال سے گھر آگیا ہے لیکن ابھی کمزوری بہت زیادہ ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ اس کو شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

محترمہ منصورہ ظفر صاحبہ ہما بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور بیمار ہیں۔ دعا کی درخواست ہے اللہ تعالیٰ ان کو شفائے کاملہ وعاجلہ عطا فرمائے۔

اعلان دارالقضاء

(محترمہ فرحت نسیم صاحبہ بابت ترکہ مکرم محمد ابراہیم حنیف صاحب)

محترمہ فرحت نسیم صاحبہ سکنہ 3/3 دارالعلوم غربی ربوہ نے درخواست دی ہے کہ میرے خاوند مکرم محمد ابراہیم حنیف صاحب سارچوری ابن مکرم محمد اسماعیل صاحب بقضائے الٰہی وفات پا گئے ہیں۔ قطعہ نمبر 3 / 3 دارالعلوم غربی (حلقہ خلیل) برقبہ 10 مرلے 7 مربع فٹ ان کے نام بطور مقاطعہ گیر منتقل کردہ ہے۔ یہ قطعہ ہمارے دو بیٹوں مکرم محمد اسحٰق صاحب ناصر اور مکرم محمد شعیب صاحب طاہر کے نام منتقل کر دیا جائے۔ دیگر ورثاء کو اس پر کوئی اعتراض نہیں ہے۔ جملہ ورثاء کی تفصیل یہ ہے:۔

1۔ محترمہ فرحت نسیم صاحبہ (بیوہ)
2۔ مکرم محمد اسحٰق صاحب ناصر (بیٹا)
3۔ مکرم محمد ادریس بشیر صاحب (بیٹا)
4۔ مکرم محمد شعیب طاہر صاحب (بیٹا)
5۔ محترمہ نصرت جہاں صاحبہ (بیٹی)
6۔ محترمہ مسرت جہاں صاحبہ (بیٹی)
7۔ محترمہ بصیرت اسلام صاحبہ (بیٹی)

بذریعہ اخبار اعلان کیا جاتا ہے کہ کسی وارث یا غیر وارث کو اس انتقال پر کوئی اعتراض ہو تو وہ تیس یوم کے اندر اندر دارالقضاء ربوہ میں اطلاع دیں۔

(ناظم دارالقضاء ربوہ)

پبلشر آغا سیف اللہ، پرنٹر سلطان احمد ڈوگر مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے پچاس پیسے

آتش پرستی سے توحید کا سفر

حضرت سلمان فارسیؓ کے قبول حق کی ایمان افروز داستان

مرسلہ: مکرم محمد اسلم صابر صاحب

آج سے ڈیڑھ ہزار سال قبل کی بات ہے۔ ملک فارس کے گاؤں میں ایک معمولی کسان اپنی تھوڑی سی زمین پر کھیتی باڑی کر کے گزر بسر کرتا تھا۔ اس کا ایک حسین وجمیل بیٹا تھا۔ جو دنیا جہان سے اسے پیارا تھا۔ اتنا کہ اسے گھر سے باہر بھی نہ جانے دیتا۔ ایک دن وہ نوجوان اپنے ضمیر کی آواز پر اچانک گھر کے تمام عیش وتنعم کو تیاگ کر باپ کے پیار اور محبت وشفقت کی قربانی دے کر دیوانہ وار تلاش حق میں نکل کھڑا ہوا۔ ملک ملک اور شہر شہر کی خاک چھانی۔ نعمت آزادی سے محروم ہوا۔ غلامی کا طوق گلے میں ڈلوایا۔ سفر کی بیشمار صعوبتیں جھیلیں۔ تب کہیں جا کر گوہر مراد ہاتھ آیا۔ سچ ہے ؎

حقیقی عشق گر ہوتا تو سچی جستجو ہوتی
تلاش یار ہر ہر دہ میں ہوتی کوبکو ہوتی

مختصر تعارف

اس پارسا جوان رعنا کا اسم گرامی دکھائی دے تو جنت نگاہ سنائی دے تو پیمانۂ دل فرط محبت سے چھلک جاتا ہے۔ پلکیں وفورو جذبات سے یوں بھیگ جاتی ہیں۔ جیسے شبنم سے صبح دم پھول کی پتیاں۔ جانتے ہو اس رشک قمر کا نام؟ تاریخ کے صفحات میں وہ سلمان فارسی کے نام نامی سے زندہ وتابندہ ہے۔ رضی اللہ عنہ

حضرت سلمان فارسیؓ جس چشمہ کی تلاش میں سرگرداں تھے۔ اس سے سیرابی کے سامان عرب کے ریگزاروں میں ہجرت نبویؐ کے معاً بعد ہوئے۔ 5ھ میں رسول خدا ﷺ کی زندگی کی عظیم دفاعی جنگ (غزوہ احزاب) کے موقعہ پر حفاظت مدینہ منورہ کی خاطر خندق کھودنے کا مشورہ حضرت سلمان فارسیؓ نے ہی دیا تھا۔ جو حضورؐ کو بے حد پسند آیا۔ اور اس پر عمل ہوا۔ تاجدارؐ مدینہ سے آپؓ کے ارتقائے اخلاص ومحبت وعشق ووفا میں ایک ایسا مقام آیا کہ آقائے نامدار ﷺ نے اپنے اس غلام کے بارے میں فرمایا:۔

''سلمان منا اھل البیت'' سلمان ہمارے اہل بیت میں شامل ہیں۔ حضرت عمرؓ نے ان کو مدائن کا گورنر مقرر کیا۔ یوں تلاش حق کے لئے گھر سے فرار ہونے والا غریب الوطن نوجوان اپنے ہی وطن کے ایک صوبے کا گورنر بن کر لوٹا۔ سبحان اللہ ؎

ہوتا ہے ان پہ فضل جو رب کریم کا
باد سموم بنتی ہے جھونکا نسیم کا

مدائن کے یہ درویش صفت گورنر اپنے ہاتھ سے کام کر کے خود بھی گزارہ کرتے اور اسی سے صدقہ بھی دیتے۔ آپؓ 35ھ میں اللہ کے حضور حاضر ہو گئے۔

داستان سفر

حضرت سلمانؓ کے للہی سفر کی داستان خود آپ کی زبان فیض ترجمان سے بیان ہوئی اور صفحہ قرطاس پر منتقل ہوگئی۔

حضرت سلمانؓ نے فرمایا میں ایک فارسی شخص تھا اور ''جی'' نامی بستی کا رہنے والا تھا۔ میرے والد ایک دہقان تھے۔ میں تمام مخلوق میں ان کو سب سے پیارا تھا۔ میرے ساتھ ان کی محبت کا یہ عالم تھا کہ مجھے دوشیزہ کی طرح گھر میں پابند کر رکھا تھا۔ میں آتش پرست تھا۔ اور عقیدہ میں اتنا کٹر تھا کہ ہمہ وقت آگ روشن رکھتا اور مسلسل ایندھن ڈالتا رہتا مبادا وہ بجھ جائے۔ والد صاحب کا طریق تھا کہ کام کاج کے لئے زمین پر جاتے وقت مجھے گھر میں بند کر جاتے۔ ایک روز گھر میں ایک کمرہ کی تعمیر میں مصروف تھے۔ مجھے فرمایا بیٹا! دیکھو میں یہاں مصروف ہوں، تم زمین پر چلے جاؤ۔ اگر گھر میں رہو گے تو زمین اور دیگر امور خانہ سے زیادہ میری توجہ تمہاری طرف رہے گی۔ میں تعمیل ارشاد میں قطعہ اراضی کی جانب روانہ ہوا۔ راستہ میں نصاریٰ کے گرجا کے پاس سے گزر رہا تھا کہ اندر سے عبادت کی آوازیں کانوں میں پڑیں۔ مجھے علم نہ تھا کہ والد محترم نے کس مصلحت کے تحت مجھے گھر میں پابند کر رکھا تھا۔ اور میرے بارے میں لوگوں سے کیا خوف تھا۔ بہر حال میں یہ آوازیں سن کر گرجے میں داخل ہوا۔ مجھے ان کا طریق عبادت اچھا لگا اور میں ان کی طرف راغب ہوگیا۔ اور دل میں کہا بخدا ان کا دین ہمارے دین سے بہتر ہے۔ پھر شام ڈھلے تک ان کے پاس ہی توقف کیا۔ کھیت میں کام کے لئے نہ جا سکا۔ حتیٰ کہ آفتاب غروب ہو گیا۔ واپسی سے قبل میں نے ان لوگوں سے دریافت کیا کہ اس دین کی اصل (جڑ) کہاں ہے۔ جواب ملا ''ملک شام''۔ اس کے بعد میں گھر لوٹ آیا۔ والد صاحب نے میری تلاش میں آدمی دوڑائے ہوئے تھے۔ میرے واپس پہنچنے پر فرمایا: ارے بیٹا! تو کہاں تھا۔ کیا میں نے تیرے ساتھ ایک پختہ عہد نہیں کیا ہوا۔ میں نے عرض کیا۔ ابا جان! ہوا یوں کہ میں گرجا کے پاس سے گزرا تو وہ لوگ مصروف عبادت تھے۔ ان کے عقائد اور طریق عبادت سے میں اس قدر متاثر ہوا کہ غروب آفتاب تک انہیں کے ساتھ محو گفتگو رہا۔ سن کر فرمانے لگے: جان پدر! اس دین میں بھلائی نہیں۔ تیرا اور تیرے آباء کا دین ہی بہتر ہے۔ عرض کیا نہیں ابا جان۔ خدا کی قسم وہ دین ہمارے دین سے کہیں بہتر ہے۔ اس پر قبلہ والد صاحب نے مجھے ڈرایا دھمکایا۔ میرے پاؤں میں زنجیر ڈال دی اور گھر میں مقید کر دیا۔

زنجیر کٹ گئی

میں نے نصاریٰ کو پیغام بھجوایا کہ ملک شام سے اگر کوئی قافلہ آئے تو مجھے ضرور اطلاع کرنا۔ چند دنوں کے بعد عیسائی تاجروں کا قافلہ شام سے ادھر آیا۔ مجھے اطلاع بھجوائی گئی۔ میں نے پیغام بھجوایا کہ جب قافلہ اپنا کاروبار مکمل کر کے واپسی کا ارادہ کرے تو کسی طرح مجھے خبر کر دیں اور جب مجھے اس امر کی اطلاع موصول ہوئی تو میں نے پاؤں سے زنجیر اتار پھینکی۔

ورود شام

میں قافلہ والوں کے ساتھ جانب شام روانہ ہوا۔ وہاں جا کر میں نے دریافت کیا کہ اس دین کا سب سے بڑا عالم کون ہے۔ مجھے لاٹ پادری کا نام بتایا گیا۔ میں اس کی خدمت میں حاضر ہو کر یوں عرض کناں ہوا۔ میں اس دین کی طرف راغب ہوں۔ میری شدید خواہش ہے کہ میں گرجے میں قیام کر کے آپ کی خدمت کی سعادت پاؤں اور دین سیکھوں۔ لہٰذا آپ کی ملتفت نگاہی کا طلبگار ہوں۔ اس نے میرا شوق دیکھ کر ازراہ شفقت اپنے پاس ٹھہرا لیا۔ مگر افسوس! میں نے اسے سگ دنیا پایا۔ وہ لوگوں کو صدقہ کی ترغیب دیتا مگر جو کچھ صدقہ میں آتا وہ اسے اپنے قبضہ میں رکھتا۔ اور مساکین ومستحقین کو اس میں سے کچھ بھی نہ دیتا۔ خدا کا کرنا ایسا ہوا کہ وہ جلد راہی ملک عدم ہوا۔ میں نے نصاریٰ کو سب حقیقت بتا دی۔ انہوں نے مجھ سے ثبوت مانگا۔ اس کے لئے میں نے ان کو اس کا خزانہ دکھایا۔ چنانچہ اس میں سے سونے چاندی سے بھرے ہوئے سات مٹکے برآمد ہوئے۔ لوگ یہ دیکھ کر اور صدقہ کی اپنی اشیاء پہچان کر بہت برہم ہوئے اور قسمیں کھائیں کہ ہم ایسے شخص کو ہرگز دفن نہ کریں گے۔ انہوں نے اس کی نعش کو مصلوب کر کے سنگسار کر دیا۔ اور انصرام گرجا ایک اور عالم کے سپرد کیا۔ وہ نیک مرد تھا۔ وہ مجھے بہت محبوب تھا۔ میں نے ایک عرصہ اس کی صحبت سے فیض پایا۔ پھر وہ داغ مفارقت دے کر مجھے سوگوار بنا گیا۔ اس کی موت سے قبل میں نے عرض کیا۔ اے خدا کے نیک بندے! میں ایک عرصہ آپ کی خدمت میں رہا۔ آپ مجھے سب سے زیادہ عزیز ہیں۔ اب جبکہ آپ کے بارے میں امر الٰہی آچکا ہے۔ میری رہنمائی فرمائیں۔ میں آپ کے بعد کس کے سامنے زانوئے تلمذ طے کروں۔ فرمانے لگے۔ بیٹا! لوگ ہلاک ہو گئے۔ انہوں نے دین کی بہت باتوں میں تبدیلی کر لی ہے۔ خدا کی قسم! میرے علم کے مطابق موصل میں فلاں شخص ہے جو میرے طریق پر قائم ہے۔ اس کے پاس چلے جانا۔

ورود موصل

اس کی وفات کے بعد میں موصل پہنچا۔ اس شخص سے ملا۔ اس کو بتایا کہ فلاں بزرگ نے اپنی وفات سے قبل مجھے آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کی تاکید فرمائی تھی اور بتایا تھا کہ آپ ان کے طریق پر قائم ہیں۔ اس نے کہا ٹھیک ہے تو میرے پاس قیام کر۔ میں نے واقعی اسے اس بزرگ کے طریق پر کاربند پایا۔ مگر وائے حسرت! یہ بزرگ بھی جلدی اللہ کو پیارے ہوئے۔ قبل از وفات میں نے ان سے بھی دریافت کیا۔ اے حضرت! مجھے فلاں بزرگ نے آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کی تاکید کی تھی۔ چنانچہ میں آپ کے پاس آگیا۔ اب جبکہ آپ کے بارے میں بھی حکم خداوندی آچکا ہے۔ آپ کے بعد آپ مجھے کس کے پاس جانے کا ارشاد فرماتے ہیں۔ فرمانے لگے بخدا! مجھے تو صرف ایک شخص کا علم ہے جو میرے طریق پر قائم ہے اور وہ نصیبین میں مقیم فلاں آدمی ہے اس کے پاس چلے جانا۔

زیارت نصیبین

چنانچہ ان کی وفات کے بعد میں نصیبین پہنچا۔ اور اس بزرگ کی خدمت میں حاضر ہو کر اپنا مدعا عرض کیا۔ میرا قصۂ درد سن کر مجھے اپنے پاس قیام کی اجازت دی۔ میں نے اسے بھی پہلے دو بزرگوں جیسا ہی پایا۔ بخدا وہ بہت نیک انسان تھا مگر اجل نے اسے بھی بعجلت آلیا۔ قبل از وقت رحیل میں نے عرض کیا۔ یا حضرت! پہلے فلاں نے مجھے فلاں کی صحبت اختیار کرنے کا مشورہ دیا۔ اس نے فلاں کی قدم بوسی کی نصیحت کی۔ اس نے آپ کے در دولت پر حاضری کی تلقین کی۔ اب آپ مجھے کس چشمۂ فیض سے سیرابی کا حکم فرماتے ہیں۔ سن کر کہا اے بیٹے! مجھے دور دور تک کسی ایسے آدمی کا علم نہیں جو ہمارے طریق پر چلنے والا ہے۔ البتہ سرزمین روم میں عموریہ کے شہر میں خدا کا فلاں بندہ ہے وہ اس طریق پر قائم ہے۔ اگر پسند ہو تو اس کے خزینۂ دانائی وپارسائی سے کاسۂ گدائی بھر لینا۔ اس کے بعد اس نے بھی داعیٔ اجل کو لبیک کہا۔

قیام عموریہ

اس کی وفات کے بعد میں عازم عموریہ ہوا۔ وہاں پہنچ کر اس بزرگ سے ملا۔ اور اپنا سارا ماجرا ان کے گوش گزار کیا۔ میرا وفور شوق دیکھ کر مجھے بخوشی اپنے

پاس قیام پر آمادگی ظاہر کی۔ میں نے اسے اصحاب طریقت میں بہترین فرد پایا۔ اسی دوران میں نے کچھ کام کرنا بھی شروع کردیا۔ کچھ بھیڑ بکریاں اور گائیں خرید لیں۔ پھر کچھ عرصہ بعد جب ان کی بھی وفات کا وقت آن پہنچا تو میں نے عرض کیا۔ میں فلاں کے پاس تھا۔ اس نے مجھے فلاں کے پاس جانے کی تلقین کی۔ اس نے فلاں سے مستفیض ہونے کا ارشاد فرمایا۔ اس نے مجھے آپ کی خدمت میں حاضر ہونے کی نصیحت کی۔ اب آپ مجھے کس سے رہنمائی پانے کا حکم دیتے ہیں۔ سن کر فرمایا اے بیٹے! میں تجھے کس کے پاس جانے کا کہوں۔ مجھے کوئی آدمی ہمارے طریق پر چلنے والا نظر نہیں آتا۔ ہاں اتنا بتا دوں کہ ایک نبی کے ظہور کا زمانہ قریب ہے وہ دین ابراہیمی کے ساتھ مبعوث ہوگا۔ اور سرزمین عرب میں ظاہر ہوگا۔ وہ ایسے مقام کی طرف ہجرت کرے گا جو کہ حرتین (سیاہ لاوہ) کے درمیان ہے۔ اور وہاں کھجوروں کے درخت بکثرت ہیں۔ اس نبی کی بعض علامات ہیں جو نمایاں نظر آنے والی ہیں۔ 1۔ وہ صدقہ قبول نہ کرے گا۔ 2۔ وہ تحفہ کھالے گا۔ 3۔ اس کی پشت پر خاتم نبوت (مہر نبوت) ہوگی۔ اگر تو ان علاقوں میں جا کر اس سے ملاقات کی استطاعت رکھے تو ضرور ایسا کرنا۔ اس کے بعد وہ بزرگ بھی عازم ملک بقا ہوئے۔ ان کے بعد جب تک خدا کو منظور تھا میں عموریہ میں مقیم رہا۔ ایک روز بنو کلب کے تاجروں کا قافلہ میرے پاس سے گزرا۔ میں نے ان سے کہا کیا آپ لوگ مجھے اپنے ہمراہ ملک عرب تک سواری مہیا کریں گے۔ میں اس کے عوض آپ کو یہ گائیں اور دیگر مال دوں گا۔

وادی القریٰ میں

اس معاہدہ کے مطابق میں ان کے ساتھ روانہ ہوا۔ وادی القریٰ میں پہنچ کر حسب معاہدہ میں نے مال ومتاع ان کے حوالہ کیا۔ مگر انہوں نے بدعہدی کی اور مجھ پر یہ ستم ڈھایا کہ مجھے ایک یہودی کے پاس بطور غلام فروخت کردیا۔ مجھے وہاں بکثرت کھجور کے درخت نظر آئے کچھ امید بندھی کہ میں مطلوبہ جگہ آ پہنچا ہوں۔ اسی اثنا میں میرے یہودی مالک کا چچیرا بھائی یثرب سے اسے ملنے آیا۔ وہ بنو قریظہ سے تھا۔ میں شاید اسے پسند آگیا۔ وہ مجھے اس سے خرید کر یثرب لے گیا۔

منزل مراد

جونہی میری نظر شہر اور ماحول پر پڑی۔ میں فوراً پہچان گیا کہ یہی میری منزل مراد ہے۔ میں اس یہودی کے پاس یثرب میں تھا کہ اسی دوران رسول خدا ﷺ کی بعثت مکہ مکرمہ میں ہوئی۔ مگر غلام ہونے کے باعث اور یہودی کی بیگار میں دن رات مصروف رہنے کے باعث مجھے اس بعثت کا علم نہ ہوا۔ بخدا ایک دن میں کھجور پر چڑھا ہوا تھا۔ اور میرا آقا یہودی نیچے بیٹھا ہوا تھا۔ اسی دوران اس کا ایک چچا زاد وہاں آیا۔ اور اس سے کہنے لگا۔ اے فلاں! خدا بنی قیلہ کو غارت کرے۔ قسم خدا کی وہ سب قبا میں ایک ایسے شخص کے استقبال کے لئے جمع ہیں جو اپنے آپ کو نبی کہتا ہے۔ اس کی یہ بات سن کر مجھ پر کپکپی طاری ہوئی۔ مجھے یوں محسوس ہوا کہ میں چکرا کر اپنے مالک کے اوپر گرنے لگا ہوں میں کھجور سے نیچے اتر آیا اور اس کے چچا زاد سے دریافت کرنے لگا کہ ابھی ابھی آپ کیا بات کر رہے تھے۔ میرے مالک نے میری بات کو دخل در معقولات سمجھتے ہوئے غصہ کے ساتھ ایک زوردار تھپڑ میرے منہ پر رسید کردیا۔ اور بڑبڑاتے ہوئے کہا۔ تیرا ان باتوں سے کیا تعلق۔ چل تو اپنے کام سے کام رکھ۔

قبا میں

میرے پاس کچھ کھجوریں تھیں جو تھوڑی تھوڑی کرکے میں نے جمع کر رکھی تھیں۔ ایک دن شام کے وقت کام سے فراغت ہوئی تو کھجوریں لے کر مسجد قبا میں خدا کے رسول ﷺ کی خدمت اقدس میں حاضر ہوا۔ اور عرض کی مجھے معلوم ہوا ہے آپ ایک صالح مرد ہیں۔ آپ کے ساتھ آپ کے اصحاب بھی ہیں جو غریب الدیار ہیں اور حاجتمند بھی۔ میرے پاس صرف یہ چیز ہے میں صدقہ میں آپ کی نذر کرتا ہوں۔ میں اوروں کی نسبت آپ لوگوں کو زیادہ مستحق جانتا ہوں اور کھجوریں حضورؐ کے سامنے رکھ دیں۔ آپؐ نے ساتھیوں سے فرمایا۔ تم لوگ کھاؤ۔ خود اپنا ہاتھ روک لیا اور کچھ بھی نہ کھایا۔ میں نے دل میں کہا ایک علامت پوری ہوئی۔ چند دن بعد میں کچھ اور کھجوریں لے کر حاضر خدمت ہوا مگر اب کی دفعہ مدینہ میں ملاقات ہوئی کیونکہ آپؐ قبا سے مدینہ کے اندر تشریف لے آئے تھے۔ حاضر خدمت ہوکر عرض کیا آپ صدقہ نہیں کھاتے لہٰذا یہ کھجوریں بطور ہدیہ پیش کرتا ہوں۔ اس دفعہ حضورؐ نے نہ صرف صحابہؓ کو کھلائیں بلکہ خود بھی تناول فرمائیں۔ میں نے دل میں کہا۔ دو علامتیں پوری ہوئیں۔ بعد ازاں ایک بار پھر حاضر خدمت ہونے کی سعادت ملی جبکہ آپؐ ایک صحابی کے جنازہ کے ساتھ بقیع الغرقد میں تشریف لے گئے تھے۔ آپؐ دو چادروں میں ملبوس تھے۔ میں نے سامنے ہوکر سلام کہا پھر گھوم کر حضورؐ کی پشت کی جانب ہولیا۔ حضورؐ چشم بصیرت سے میرا مدعا بھانپ گئے اور بغیر میری درخواست کے پیٹھ سے چادر اٹھائی۔ میں نے تسلی کے ساتھ نشان نبوت ملاحظہ کیا اور پھر وفور جذبات سے روتا ہوا آپ کے قدموں میں گر گیا۔ اور آپؐ کے پاؤں چومنے لگا۔ رسولؐ خدا نے فرمایا اٹھو! میں تعمیل ارشاد میں اٹھ بیٹھا۔ اور حضورؐ کے سامنے دو زانو ہوکر اپنے سفر کی ساری داستان بیان کردی۔ حضورؐ نے سن کر یہ پسند فرمایا کہ آپ کے اصحاب بھی میری حکایت جنوں سن لیں۔

رحمت للعالمین کی شفقت اور میری آزادی

اس موقعہ پر رسول خدا ﷺ نے فرمایا اپنے مالک سے مکاتبت کرلو (آزادی کا معاہدہ) چنانچہ میں نے واپس جا کر یہودی سے بات کی۔ تو اس نے دو شرطیں پیش کیں۔ 1۔ کھجور کے تین صد پودے لگا کردوں۔ 2۔ چالیس اوقیہ سونا ادا کروں۔ میں نے دربار نبویؐ میں حاضر ہوکر شرائط کا ذکر کیا۔ تو نہایت شفقت کے ساتھ صحابہؓ سے مخاطب ہوکر فرمایا۔ اپنے بھائی کی مدد کرو۔ اس پر ایک صحابی نے پندرہ پودوں سے میری مدد کی۔ ایک اور نے تیس پودے مہیا کئے۔ اس طرح

(باقی صفحہ 5 پر)



سلسلہ کی دیرینہ خادمہ اور مالی قربانی میں پیش پیش
مکرمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ کا ذکر خیر

مکرم مسعود احمد خورشید صاحب سنوری

اللہ تعالیٰ نے خاص فضل وکرم اور عنایت کے تحت حضرت نواب محمد دین صاحب کو حضرت مسیح موعود کی غلامی کی سعادت عطا فرمائی اور پھر اپنے فضل وکرم کے ماتحت حضرت نواب محمد دین صاحب کو ایک پاکیزہ نفس دختر نیک اختر عطا فرمائی۔ جس کا نام محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ تھا۔ ان کا نام خدمات سلسلہ عالیہ احمدیہ کے تذکرہ میں سنہری حروف سے لکھا جائے گا۔

خاکسار اپنے اہل و عیال سمیت 2 ستمبر 1956ء کو لاہور سے کراچی آیا۔ میری اہلیہ ناصرہ بیگم صاحبہ مرحومہ کو چونکہ قادیان میں حضرت سیدہ ام طاہر صاحبہ نے ہدایت فرمائی تھی کہ لجنہ اماء اللہ سے ہمیشہ تعاون کرنا۔ لہٰذا حلقہ ناظم آباد کراچی میں مرحومہ نے لجنہ اماء اللہ کا کام کیا اور اس طرح لجنہ اماء اللہ کراچی کی ممبرات سے تعارف حاصل ہوا۔ جن میں محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ بھی شامل تھیں۔ ان ایام میں محترمہ بیگم صاحبہ چوہدری بشیر احمد لجنہ اماء اللہ کراچی کی صدر تھیں۔ حلقہ جات کے دورہ کے وقت محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ بھی آجایا کرتی تھیں۔ اور اس وقت سے ہمارے ہاں ان کا آنا جانا رہا۔ مئی 1991ء میں ہم کراچی سے امریکہ آگئے۔ اور اس طرح محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ سے 35 سال تک ہمارا تعلق رہا۔

جب ہم چند سال 56ء سے 60ء تک ناظم آباد میں قیام پذیر رہے تو ان دنوں ہمارے غیر از جماعت ہمسائے اس بات پر بڑے حیران ہوتے تھے کہ بیگم شاہنواز صاحبہ (جو کہ ماشاء اللہ بہت صاحب حیثیت تھیں) ہمارے گھر پر آتی ہیں وہ لجنہ اماء اللہ کے اجلاسوں میں شرکت کے لئے آیا کرتی تھیں۔

انفاق فی سبیل اللہ

محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ نے وصیت کی تھی جس کے متعلق ایک کاغذ پر خاکسار نے بھی دستخط کئے تھے اور مجھے معلوم ہوا تھا کہ انہوں نے "حصہ جائیداد" بھی انہی دنوں میں ادا کر دیا تھا۔ ان کے چندہ جات جماعت کو ادا کرنے کے متعلق تفصیلات حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 26 نومبر 2004ء کو خطبہ جمعہ میں بیان فرمائی تھیں جس سے مجیدہ شاہنواز صاحبہ کی خدا تعالیٰ کی راہ میں بے مثال قربانیوں کا پتہ چلتا ہے۔ مولا کریم ان کی ان خدمات جلیلہ کو قبول فرمائے اور اپنے قرب کا مقام عطا فرمائے۔ آمین اللّٰھم آمین

لجنہ اماء اللہ کی خدمات

اس سلسلہ میں محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ نے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کیا۔ 1958ء میں محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ صدر لجنہ اماء اللہ کراچی کے منصب پر فائز ہوگئیں اور 1969ء میں جب وہ لندن آگئیں تو اس وقت میری اہلیہ مرحومہ نے یہ عہدہ سنبھالا۔ اس طرح محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ تقریباً 11 سال تک صدر لجنہ اماء اللہ کراچی کے عہدہ پر فائز رہیں۔

محترمہ مجیدہ شاہنواز میں یہ بہت بڑی خوبی تھی کہ انہوں نے بڑی عہدہ دار ہونے کے باوجود انکساری اور پیار، محبت اور اخلاص سے ہر کام انجام دیا۔ یہ ان کے بہترین اخلاق کی ایک بہترین مثال ہے۔ اور ان کا تمام کام انجام دینے میں رضائے الٰہی حاصل کرنا ہی مقصود ہوتا تھا۔ ان ایام میں کراچی جماعت کے 18 حلقہ جات تھے۔ وہ کراچی جماعت کے امیر صاحب اور دیگر عہدیداران سے ہر طرح تعاون کرتی تھیں۔

یہاں مختصراً ان خدمات کا ذکر کیا جاتا ہے جو کراچی جیسی بڑی جماعت میں محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ نے انجام دیں۔

کراچی کے 18 حلقہ جات کے اجلاسوں میں شرکت کرنا اور نصائح کرنا تا کہ لجنہ کے کام صحیح طور پر انجام پائیں۔

خود نماز اور روزہ کی پابند تھیں اور جمعہ کی نماز کی ادائیگی کے لئے احمدیہ ہال کراچی میں تشریف لاتیں۔ اپنے بچوں کو بھی ہمراہ لاتیں۔ جلسہ ہائے سالانہ ربوہ اور خواتین کے مرکزی جلسہ ربوہ اور دیگر ممالک کی تقریبات میں شمولیت کرنا۔ میں نے انہیں اور محترم چوہدری شاہنواز صاحب کو سپین میں بیت بشارت کی افتتاحی تقریب میں بھی دیکھا تھا۔ اپنے بچوں کی کراچی میں شادیوں کے موقعہ پر جماعت کے دوستوں اور لجنات کو شامل کرنا اور بعض دوسرے موقعہ پر بھی مہمان بلانا۔ احمدی گھرانوں کی شادیوں میں شمولیت کرنا اور تحفہ جات دینا۔ احمدی احباب یا لجنات کی وفات پر شامل ہونا۔

ماہ رمضان المبارک میں میرے گھر پر سارا ماہ سلسلہ کے کوئی بزرگ درس دیتے تھے جو کہ مستورات کی سہولت کے لئے صبح نو بجے ہوتا تھا۔ اس میں مع اپنی صاحبزادیوں کے شامل ہونا۔ کچھ سالوں کے بعد ان کے اپنے بنگلہ پر درس ہوتا تھا۔ مہمانوں کی خدمت کرنا اور افطاری کا انتظام کرنا۔

ایک سال انڈونیشیا سے بہت سی لجنات جلسہ سالانہ ربوہ میں شمولیت کے لئے آئیں۔ آپ نے بہت سی مہمانوں کو کراچی اپنے بنگلہ میں رکھا۔ اور کچھ لجنات کو دوسرے گھروں میں بھجوایا۔ اپنے ہاں سب کی خدمت کی۔ مہمان نوازی کے بعد سب لجنات کو ربوہ بھجوانے کے انتظامات کئے۔

اپنے بچوں کو دینی تعلیمات پر عمل کروانا اور ان کی اعلیٰ تربیت کرنا تو وہ اپنے فرائض میں داخل سمجھتی تھیں۔

لجنہ اماء اللہ کی ممبرات سے اخلاص ومحبت کا سلوک اور ہر لحظہ لجنات کی ٹریننگ کا خیال کرنا۔

اس ضمن میں خاکسار اور میری بچیاں جنابہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ مرحومہ کی بہت ممنون ہیں کہ میری اہلیہ ناصرہ بیگم صاحبہ مرحومہ کی محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ نے ہی ٹریننگ کی اور انہیں کراچی کی سیکرٹری مال کے عہدہ پر کام سپرد کیا۔ چونکہ میری اہلیہ مرحومہ تو کبھی بینک نہیں جاتی تھیں۔ اس لئے انہوں نے دریافت کیا کہ آپ کبھی بینک جاتی ہیں تو انہوں نے جواب دیا کہ خورشید صاحب بزنس کرتے ہیں اور وہ خود ہی بینک جاتے ہیں۔ اس پر محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ ان کو احمدیہ ہال کراچی کے نزدیکی بینک میں ہمراہ لے کر گئیں اور مینیجر کو بتلایا کہ ہم دونوں کے چیکوں پر دستخط ہونے ہیں اس لئے میں ان کو ہمراہ لے کر آئی ہوں کہ آپ کے سامنے ہم دونوں کے دستخط ہو جائیں اور آئندہ ہر چیک پر ہم دونوں کے دستخط ہوا کریں گے۔

جب 1991ء میں ہم کراچی سے امریکہ آنے والے تھے تو محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ (نہایت اخلاص کے جذبہ کے ساتھ) میری اہلیہ کو الوداع کہنے کے لئے ہمارے مکان پر تشریف لائیں اور دعاؤں سے نوازا۔ ان کے ہمراہ مکرم محمد خالد صاحب (ان کے داماد) تشریف لائے تھے۔

اس سے قبل بھی جب ہم لندن آتے تھے اور محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ لندن میں قیام پذیر ہوتی تھیں تو ہم کو اپنے گھر بلا لیتی تھیں۔ اپنی دونوں بیٹیوں کی شادیوں سے پہلے انہوں نے میرے والد حضرت مولوی قدرت اللہ صاحب سنوری رفیق حضرت مسیح موعود کو دعا اور استخارہ کے لئے درخواست کی۔ مکرمہ امۃ الباری صاحبہ کی شادی سے قبل تو دعا کے لئے حضرت والد صاحب کو تین یوم اپنے گھر رکھ کر دعا کروائی۔

اسی طرح شیزان جوس فیکٹری میں نقصان ہوتا تھا اس کے لئے حضرت والد صاحب سے دعائیں کرواتیں اور حضرت مصلح موعود اور دیگر بزرگان کو بھی دعا کے لئے لکھتی تھیں۔ (روزنامہ الفضل 15 دسمبر 2004ء میں اس کے متعلق مکرم محمد خالد صاحب نے لکھا ہے)

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث کراچی تشریف لاتے تو ان کے لئے ٹرانسپورٹ مہیا کرنا۔ خود بھی کافی وقت حضور کی رہائش پر آنا اور نمازوں یا مجالس میں شامل ہونا (مستورات کے لئے پردہ کے پیچھے انتظام ہوتا تھا) اور وہاں لجنہ اماء اللہ کی ڈیوٹیاں لگانا اور اسی طرح حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کے دور خلافت میں جب حضور کراچی آکر قیام فرماتے تھے تو ٹرانسپورٹ کا انتظام کرنا۔ لجنہ اماء اللہ کی ڈیوٹیاں لگانا۔ لجنات کی ملاقات کے وقت حفاظت کا انتظام رکھنا۔ حضور کی ڈیوٹی پر ایک کار اور اس کے ساتھ ڈرائیور مہیا کرتی تھیں۔ کئی مرتبہ میں نے دیکھا کہ حضور کے لئے کھانے پکوا کر حضور کی رہائش گاہ پر پیش کیا کرتیں۔

ان ایام میں سب کام کرنے والیوں سے پیار، محبت کا اظہار کرتی تھیں۔ خاکسار اور میری اہلیہ صاحبہ مرحومہ نے تقریباً 35 سال کراچی میں گزارے۔ ان ایام میں ان کی لجنہ اماء اللہ کراچی سے تعلق کی وجہ سے ملاقات میں میں نے محترمہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ کو پردے کا پابند پایا۔ میں نے انہیں کبھی بغیر برقعے کے نہیں دیکھا یہ بھی ان کے دینی احکام کی پیروی کا اعلیٰ نمونہ تھا۔

میری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ مجیدہ شاہنواز صاحبہ سے مغفرت کا سلوک فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں اعلیٰ علیین کا مقام عطا فرمائے ان کے عزیز واقارب اور پسماندگان کو ان کی نیکیوں کا وارث بنائے۔ آمین اللھم آمین

(بقیہ صفحہ 4)

تین صد پودوں کا بخوبی انتظام ہو گیا۔ اس پر رؤف ورحیم نبیؐ نے فرمایا جاؤ جا کر گڑھے کھودو جب تم فارغ ہو جاؤ تو میں خود آکر پودے لگاؤں گا۔ میں جا کر گڑھے کھودنے لگا۔ پھر صحابہؓ نے بھی میرا ہاتھ بٹایا۔ کام مکمل ہونے پر حضورؐ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ حضورؐ میرے ساتھ موقع پر تشریف لے گئے۔ ہم لوگ پودے قریب رکھتے جاتے اور حضورؐ اپنے دست مبارک سے انہیں گڑھوں میں لگاتے رہے۔ حتیٰ کہ ہم اس کام سے فارغ ہو گئے۔ خدا کی قسم جس کے ہاتھ میں سلمان کی جان ہے۔ تمام پودے خوب چلے ایک بھی ضائع نہیں ہوا۔ کھجوریں لگانے کی شرط تو اس طرح پوری ہوئی۔ مگر سونا ادا کرنا میرے بس میں بالکل نہ تھا۔ حضورؐ مرغی کے انڈے کے برابر سونا لے آئے اور دریافت فرمایا فارسی شخص کہاں ہے۔ صحابہؓ مجھے بلا کر حضور ﷺ کی خدمت میں لے آئے۔ مجھے دیکھ کر فرمایا یہ لو سونا اور اس سے یہودی کا مطالبہ پورا کر دو۔ عرض کیا یارسول اللہ! جس قدر سونا میرے ذمہ ہے یہ تو اس کے لئے کافی نہ ہوگا۔ فرمایا لو تو سہی۔ اللہ تعالیٰ اسی سے تمہاری ادائیگی کا سامان فرما دے گا۔ میں نے وہ ٹکڑا لے لیا۔ اور جب وزن کیا تو قسم ہے خدا کی اسی سے پورا چالیس اوقیہ تول کر ادا کر دیا۔ یوں میں آزاد ہو گیا۔

(اسد الغابہ فی معرفۃ الصحابہ)

☆......☆......☆

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز کا
آٹھواں سالانہ کنونشن

ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز ان احمدی طلباء وطالبات اور کمپیوٹر وانفارمیشن ٹیکنالوجی کے ماہرین کیلئے ایک پلیٹ فارم کی حیثیت رکھتی ہے جو کمپیوٹر کی دنیا میں آگے بڑھنے، تحقیقات کرنے اور نئے سے نئے کارہائے نمایاں انجام دینے کا عزم کئے ہوتے ہیں۔ اس ایسوسی ایشن کا سالانہ کنونشن پاکستان بھر سے کمپیوٹر و ٹیلی کمیونیکیشن کے ماہرین اور طلباء کے اکٹھا ہونے اور قیمتی معلومات کے تبادلے کا اہم ذریعہ ہے۔

ایسوسی ایشن کا آٹھواں سالانہ کنونشن مورخہ 5-6 مارچ 2005ء کو ایوان محمود ربوہ میں کامیابی کے ساتھ منعقد ہوا۔ ایسوسی ایشن کی تمام مجالس (Chapters) سے ممبران نے شرکت کی۔ مورخہ 5 مارچ کو شام چھ بجے محترم سید طاہر احمد صاحب پیٹرن ایسوسی ایشن نے کنونشن کا افتتاح کیا جس کے بعد کنونشن کا باقاعدہ آغاز ہوا۔ اس سیشن کی پہلی پریذنٹیشن مکرم مظفر احمد صاحب ملٹی میڈیا ڈویلپر نے براڈ کاسٹ ملٹی میڈیا گرافکس اینیمیشن کے موضوع پر پیش کی۔ جس میں انہوں نے تفصیل سے گرافکس اینیمیشن کا تعارف، اقسام اور براڈ کاسٹ کئے جانے کے مختلف مراحل کو ماہرانہ انداز سے بیان کیا۔ اس سیشن کی دوسری پریذنٹیشن مکرم تیمور خان صاحب نے ریئل (Real) ٹائم میڈیا کے موضوع پر پیش کی۔ جس میں انہوں نے میڈیا انڈسٹری کے حوالے سے بعض مفید معلومات بیان کیں۔

دوسرے سیشن کی پہلی پریذنٹیشن مکرم مظفر محمود صاحب سی ای او سمینگ سافٹ نے بعنوان ''کس طرح کامیاب آئی ٹی (Entrepreneur) بنا جاتا ہے''۔ انہوں نے بتایا کہ Entrepreneur اس شخص کو کہتے ہیں جو کسی بھی کمرشل پراجیکٹ میں چھپے ہوئے موقعوں کو تلاش کرے اور منافع کے حصول کی خاطر رسک لینے کو تیار ہو۔ انہوں نے ان صلاحیتوں کا ذکر کیا جو کامیابی کے حصول کیلئے ضروری ہوتی ہیں، انہوں نے بتایا کہ اچھے اچھے Ideas بھی بعض اوقات کس طرح ناکام ہو جاتے ہیں۔ ناکامی کی وجوہات میں انہوں نے مارکیٹنگ کی طاقت کو صحیح طریقے سے نہ سمجھنا اور تحقیق اور تجربے کی کمی کا خصوصی طور پر ذکر کیا۔ انہوں نے ان باتوں کا بھی ذکر کیا جن کو مدنظر رکھ کر کامیابی کی شرح زیادہ کی جا سکتی ہے۔ انہوں نے حاضرین کو بتایا کہ کسی بھی کاروبار کے آغاز میں ضروری نہیں ہے کہ کوئی شخص تمام صلاحیتوں کا مالک ہو، آغاز کے بعد آہستہ آہستہ تمام صلاحیتیں سامنے آجاتی ہیں لیکن ضروری یہ ہے کہ ہم اپنے اندر موجود صلاحیتوں کو سمجھیں اور ان کے مطابق اپنے کاروبار کو چلائیں۔

مکرم سید عزیز احمد صاحب ڈائریکٹر این سی آئی لاہور نے اپنی پریذنٹیشن میں ٹیلی کام انڈسٹری کا اپ ڈیٹ بیان کیا۔ انہوں نے بتایا کہ وائرلیس میں تین قسم کے آپریٹرز پاکستان میں کام کر رہے ہیں انہوں نے GSM`WLL اور FLL لمبے فاصلے اور انٹرنیشنل کالنگ میں IP/ATM اور NGN کے انفراسٹرکچر کے بارے میں اہم معلومات بیان کیں۔ انہوں نے ٹیلی کام انڈسٹری میں ملازمتوں کا ذکر کیا اور بتایا کہ کس کس شعبے میں کون سی ملازمتیں نکل سکتی ہیں۔

سافٹ ویئر اپ ڈیٹ مکرم یاسر بن طلحہ صاحب کراچی نے پیش کیا۔ انہوں نے اس ضمن میں درج ذیل دو بنیادی باتوں کا ذکر کیا۔

(1) تازہ ترین رجحانات سے باخبر رہا جائے۔

(2) سافٹ ویئر انڈسٹری کی مجموعی صورتحال پر بھی نظر رکھی جائے۔

انہوں نے جدید ٹولز اور ٹیکنالوجیز کا ذکر کیا اور گراف کی مدد سے پچھلے تین سالوں میں پروگرامنگ کی لینگویجز کی مقبولیت کا موازنہ دکھایا۔ انہوں نے بتایا کہ XML ایک بین الاقوامی ٹول بنتی جا رہی ہے اس کے ذریعہ ہم پرانے اور نئے سسٹمز کو آپس میں ملا سکتے ہیں۔ انہوں نے حاضرین کو اپنی صلاحیتیں بڑھانے کی طرف توجہ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔

پہلے دن کا آخری پروگرام پینل گفتگو پر مشتمل تھا جس میں ماہرین نے انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹیلی کام انڈسٹری کے متعلق حاضرین کے سوالوں کے جواب دیئے۔

دوسرے دن کے پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔ سب سے پہلے اس دن کی خصوصی تقریر (Key Note Address) مکرم ڈاکٹر بشیر احمد خان صاحب پروفیسر LUMS نے کی۔ جس کا عنوان انفارمیشن ٹیکنالوجی میں تعلیمی اور پیشہ ورانہ مواقع تھا۔ آغاز میں انہوں نے پاکستان کی IT پالیسی تفصیل سے بیان کی۔ اس IT پالیسی کے مطابق پاکستان میں 300 سے 400 IT کے اچھے اداروں کی ضرورت ہے جو پاکستان میں اس شعبہ کی تعلیم دے سکیں۔ انہوں نے بیرون ملک اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کی اہمیت اور بعض مشکلات کا ذکر کیا۔ انہوں نے پاکستان میں قائم تعلیمی اداروں کا سیٹ اپ کام کرنے کا طریقہ اور طلباء کو ان میں داخلہ لینے کے حوالے سے اہم معلومات اور مشورے دیئے۔ انہوں نے طلباء و طالبات کو بیرون ملک تعلیم حاصل کرنے کیلئے قیمتی مشورے بھی دیئے۔

ای گورنمنٹ (E.Govt.) کے حوالے سے ایک اہم پریذنٹیشن مکرم نعمان احمد صاحب ای گورنمنٹ سلوشن سپیشلسٹ، مائیکروسافٹ کارپوریشن نے پیش کی۔ انہوں نے نئی ابھرتی ہوئی مارکیٹوں میں گورنمنٹ میں درپیش مشکلات کا ذکر کیا اور ان محرکات کا ذکر کیا جو ای گورنمنٹ کے پیچھے کارفرما ہوتے ہیں۔ ان میں

(1) دنیا کا ایک عالمی گاؤں بن جانا

(2) انٹرنیٹ کا استعمال قابل ذکر ہیں۔

انہوں نے پاکستان اور دبئی کے ای گورنمنٹ پراجیکٹس کا موازنہ کرتے ہوئے بتایا ہمارے ملک میں اس شعبہ میں نہ ہونے کے برابر کام ہو رہا ہے۔ جبکہ دبئی ای گورنمنٹ پراجیکٹ میں بہت کام ہو رہا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ ای گورنمنٹ کا ارتقاء درج ذیل تین مرحلوں پر مشتمل ہوتا ہے۔

(1) انٹرنیٹ سے عمومی معلومات

(2) مواد کا حصول

(3) بیک اینڈ آٹومیشن

اس کے علاوہ انہوں نے ای گورنمنٹ سے متعلقہ دیگر مشکلات کا ذکر کیا اور ان کو حل کرنے کی تجاویز دیں۔

مکرم ڈاکٹر سید غلام احمد فرخ صاحب چیئرمین AACP نے سافٹ ویئر بنانے کیلئے چار Ps (Project, People, Product, Process) پر مشتمل پریذنٹیشن پیش کی۔ ملٹی میڈیا سلائیڈز کی مدد سے انہوں نے ایک سافٹ ویئر کیلئے ان چار مراحل کی اہمیت پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ Process کی اہمیت کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے بتایا کہ پاکستان کے سافٹ ویئر ہاؤسز میں Process کی بجائے ٹولز پر زیادہ توجہ دی جاتی ہے اور بعض افراد ان ٹولز کو زیادہ جانتے ہیں جو Process کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ یہ یاد رکھیں کہ پراسس کے لئے ٹولز کا انتخاب کرنا چاہئے نہ کہ پہلے ٹولز لے لئے جائیں اور ان کے لئے پراسس کا انتخاب کیا جائے۔

اس کنونشن کی آخری پریذنٹیشن مکرم نعیم خان صاحب ایرکسن پاکستان نے وائرلیس کمیونیکیشن کے موضوع پر پیش کی۔ جس میں انہوں نے اس دور میں ترقی حاصل کرنے والی اس جدید ٹیکنالوجی کا تعارف کرایا اور مختلف پہلوؤں سے اہم اور مفید معلومات فراہم کیں۔

بعدہ AACP کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے انتخابات ہوئے۔

اختتامی تقریب مورخہ 6 مارچ کو دوپہر 2 بجے ایوان محمود میں منعقد ہوئی۔ اس تقریب کے مہمان خصوصی مکرم صاحبزادہ مرزا افضل احمد صاحب وکیل المال ثانی تحریک جدید تھے۔ تلاوت قرآن کریم کے بعد مکرم ڈاکٹر سید غلام احمد فرخ صاحب نے سالانہ رپورٹ پیش کی جس میں انہوں نے ایسوسی ایشن کے تحت سال بھر میں ہونے والے اہم کاموں کی تفصیل بیان کی۔ انہوں نے بتایا 2004ء میں لاہور اور کراچی کی مجالس (Chapters) مستحکم ہوئے ہیں۔ لاہور مجلس نے گزشتہ سال 14 سیمینارز، 3 کاؤنسلنگ سیشن، لجنہ اور انصار کے لئے کمپیوٹر ٹریننگ کلاس، نماز جمعہ کے بعد باقاعدگی سے سٹال اور نیوز لیٹرز وغیرہ شائع کئے۔ اسی طرح کراچی مجلس نے کمپیوٹر ٹریننگ کلاس اور سہ ماہی نیوز لیٹرز وغیرہ باقاعدگی سے جاری کئے۔ انہوں نے بتایا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع کی ترجمۃ القرآن کلاس کی 310 گھنٹوں کی آڈیو ویڈیو ریکارڈنگ پر مشتمل 15 CDs تیار کر لی گئی ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ہیومینٹی فرسٹ اور AACP کے تعاون سے AACP کے ایک ممبر سیرالیون کے کمپیوٹر سنٹر میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا امسال کنونشن میں پاکستان بھر سے 236 ممبران نے شرکت کی ہے۔

